**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

# اہم ترین

عوامی مینڈیٹ پر کھلے ڈاکے اور فارم 45 نظرانداز کر کے جعلی فارم 47 کا شرمناک کھیل کھیلنے والے الیکشن کمیشن کی جانب سے تحریک انصاف اور سنی اتحاد کونسل کی مخصوص نشستوں پر ڈاکے کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی چیف الیکشن کمشنر کی دستور و جمہوریت کے قتلِ عام میں شرمناک سہولتکاری کی شدید مذمت

عوامی مینڈیٹ پر کھلے ڈاکے اور جعلی فارم 47 کے ذریعے ایوانوں کو عوام کے مسترد کردہ کرداروں سے بھرنے کے باوجود الیکشن کمیشن کا پیٹ نہیں بھرا،

تحریک انصاف اور سنی اتحاد کونسل کو خواتین اور اقلیتوں کی مخصوص نشستوں سے محروم رکھنے کی غیر آئینی و غیر جمہوری سازشوں سے الیکشن کمیشن عوامی مینڈیٹ کی کھلی توہین کی راہ پر گامزن ہے،

الیکشن کمیشن کی جانب سے عوام کے جائز مینڈیٹ کو مینڈیٹ نوچنے والی گِدھوں میں بانٹنے کی کوششیں ترک نہ کی گئیں تو عوام کے ساتھ مل کر بھرپور قانونی و سیاسی مزاحمت کریں گے،

الیکشن کمیشن آئین و قانون بالائے طاق رکھ کر پاکستان اور اسکی جمہوریت کو مینڈیٹ چوروں کا دستر خوان بنانے کی بجائے عوام کی منشا کا احترام کرے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ